Shabbir / Fazil

15-07-2026

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں اسلم بیگ

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1- بھارت- برطانیہ جامع اقتصادی و تجارتی معاہدے پر عمل در آمد شروع ہوگیا ہے۔ اس کے تحت بھارتی برآمدات کی تقریباً 99 فیصد اشیا محصول سے آزاد رہیں گی۔

2- مرکز نے مغربی بنگال میں دیہی ترقی کیلئے 8 ہزار 500 کروڑ روپے کے پیکیج کا اعلان کیا ہے۔

3 - حکومت آج اہم اور دفاعی نوعیت کی معدنیات کے بلاکوں کی نیلامی کے آٹھویں مرحلے کا آغاز کرے گی۔

4- امریکہ نے آبنائے ہرمز میں کمرشل جہازوں پر ایرانی حملوں کے جواب میں ایرانی بندرگاہوں کی ایک بار پھر ناکہ بندی کردی ہے۔

5- فٹبال میں، اسپین فیفا عالمی کپ کے فائنل میں داخل ہوگیاہے ۔ اس نے فرانس پر دو-صفر سے جیت حاصل کی۔ دوسرے سیمی فائنل میں آج رات ارجنٹینا کا مقابلہ انگلینڈ سے ہوگا۔

6- اور کرکٹ میں Egbaston میں تین میچوں کی سیریز کے پہلے ODI میں بھارت نے انگلینڈ کو چھ وکٹ سے ہرا دیا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

New India UK CETA

بھارت اور برطانیہ کے درمیان جامع اقتصادی و تجارتی معاہدہ آج سے عمل میں آگیا ہے۔ اِس کے ساتھ ساتھ گزربسر سے متعلق سمجھوتہ ''دوہرے تعاون کا کنوینشن DCC'' بھی نافذ ہو گیا ہے، جس کے تحت برطانیہ میں بھارتی پیشہ ور افراد کی آمدروفت اور مسابقت کو استحکام حاصل ہوگا۔

اِس اہم سمجھوتے کے تحت بھارت کے برآمد کاروں کو برطانیہ کی مارکیٹ میں 99 فیصد اشیا پر کوئی ٹیکس نہیں دینا پڑے گا۔ اِس سے بھارت اور برطانیہ کی دفاعی شراکت داری کو گہرا کرنے اور دونوں ملکوں کے عوام میں مزید خوشحالی لانے کے مشترکہ عزم کا اظہار ہوتا ہے۔

نئی دلی میں نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے تجارت کے سکریٹری راجیش اگروال نے بھارت-برطانیہ جامع اقتصادی و تجارتی معاہدے کو، بھارت کے تجارت کے سفر میں ایک اہم سنگِ میل قرار دیا۔

انھوں نے کہا کہ اس سمجھوتے سے دو بڑی معیشتوں کے درمیان مستقبل کیلئے تابناک اقتصادی شراکت داری کو استحکام حاصل ہوا ہے۔ دوہرے تعاون کے کنوینشن DCC کا ذکر کرتے ہوئے جناب اگروال نے کہا کہ اِس بندوبست سے، برطانیہ میں بھارت کے پیشہ وَر افراد اور ان کے آجروں کو فائدہ حاصل ہوگا۔x

West Bengal

زراعت اور دیہی ترقی کے وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے کل کولکاتہ میں ایک اعلی سطح کی میٹنگ کی صدارت کی۔ میٹنگ میں مغربی بنگال کے وزیراعلیٰ Suvendu ادھیکاری، ریاستی کابینہ کے ارکان اور مرکزی و ریاستی سرکار کے سینئرافسران نے بھی شرکت کی۔ جناب چوہان نے اعلان کیا کہ مرکز نے مغربی بنگال میں دیہی ترقی کیلئے 8 ہزار 500 کروڑ روپے سے زیادہ رقم کی منظوری دی ہے۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے:

V/C Sandipan

میٹنگ میں سڑکوں، ریلویز، میٹرو، پیٹرولیم و قدرتی گیس کوئلے، اور محنت کے شعبوں میں 82 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے، بنیادی ڈھانچے سے متعلق 19 بڑے پروجیکٹوں کا جائزہ لیا گیا۔ زمین کو قبضے میں لینے، بازآباد کاری، جنگلات سے متعلق منظوریوں اور بین محکمہ جاتی تال میل سے متعلق معالات کوحل کرنے کی ہدایت دی گئی تاکہ پروجیکٹوں کو بروقت مکمل کیا جا سکے۔ مرکزی وزیر نے عمل درآمد میں تیزی لانے کے لئے، پروجیکٹوں پر نظر رکھنے کے ریاستی سطح کے گروپ قائم کرنے کی بھی تجویز رکھی۔ وزیرموصوف نے فصلوں میں تنوع لاکر، پردھان منتری فصل بیما یوجنا کو توسیع دے کر، کسان کریڈٹ کارڈ کی تعداد میں اضافہ کرکے، قدرتی زراعت، ڈجیٹل ایگری ٹیک اور غذائیت میں اضافے کے پروگراموں کو فروغ دے کر، زراعت کومستحکم بنانے کے اقدامات کا بھی اعلان کیا۔

انھوں نے کہا کہ مغربی بنگال کی ترقی کو رفتار دینے کیلئے مرکزی اور ریاستی مل کر کام کرے گی۔

کولکاتہ سندیپن داس گپتا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں .....

Mines Auction

کوئلے اور کانوں کے مرکزی وزیر جی-کشن ریڈّی آج نئی دلّی میں، اہم اور اسٹریٹیجک معدنیاتی بلاکس کی نیلامی کے آٹھویں مرحلے کا آغاز کریں گے۔ کانوں کی وزارت نے کہا ہے کہ یہ نیلامی 9 ریاستوں میں واقع 20 اہم اور اسٹریٹیجک معدنیاتی بلاکس کیلئے ہوگی، جن میں 13 نئے شناخت کردہ بلاکس اور دوسری مرتبہ پیش کیے جا رہے 7 بلاکس شامل ہیں۔

یہ معدنیات، صاف ستھری توانائی، جدید مینوفیکچرنگ، کھاد، دفاع اور دیگر اسٹریٹیجک شعبوں کیلئے اہمیت کے حامل ہیں۔ وزارت نے نیلامی کے 7 مرحلوں کی تکمیل سمیت 88 اہم اور اسٹریٹیجک معدنیاتی بلاکس میں سے 56 کی نیلامی کامیابی سے مکمل کر لی ہے۔ اس طرح 63 فیصد سے زیادہ کامیابی حاصل کی ہے۔×

BRICS Labour Min. Meeting

بھارت آج سے حیدرآباد میں محنت اور روزگار کے برکس وزراء کی بارہویں میٹنگ کی میزبانی کرے گا۔ اِس دورہ روزہ میٹنگ میں برکس رکن ممالک کے محنت اور روزگار کے وزراء اور سینئر افسران یکجا ہوں گے۔ بھارت کی برکس صدارت، جس کا عنوان ہے: لچک، جدت طرازی، اشتراک اور پائیداریت کی تعمیر کے تحت یہ اجتماع ہوگا۔

محنت اور روزگار کے مرکزی وزیر ڈاکٹر منسکھ مانڈویہ میٹنگ کی صدارت کریں گے۔ اس دوران وزراء، سماجی تحفظ کو فروغ دینے، محنت کی منڈیوں کو باضابطہ شکل دینے، خواتین کی شمولیت کو بڑھانے اور افرادی قوت میں انہیں شامل کرنے سمیت چار ترجیحی موضوعات پر تبادلۂ خیال کریں گے۔ میٹنگ کے دوران روزگار ورکنگ گروپ کے ذریعے تیار کردہ ڈرافٹ اعلامیے کو غور و خوض کے بعد اپنایا جائے گا۔

اِس اعلامیے کا مقصد برکس ممالک میں محنت کے بازار کی پالیسیوں، محنت کشوں کی بہبود، ہنرمندی کے فروغ اور شمولیاتی روزگار پر تعاون کو تقویت دینا ہے۔ اِس کے علاوہ اعلامیے کا مقصد کام کی بدلتی دنیا میں لچک اور پائیدار ترقی کو فروغ دینا بھی ہے۔ ×

Jagannath Yatra

پوِتر شہر Puri، کل سے شروع ہو رہی عالمی شہرت یافتہ بھگوان جگنّاتھ کی رتھ یاترا کیلئے تیار ہے۔ گزشتہ روز پوِتر Naba Jaubana درشن کے بعد سالانہ رتھ یاترا کیلئے وسیع تر انتظامی اور سکیورٹی اقدامات مکمل کر لیے گئے ہیں۔ یہ سالانہ مختصر پڑاؤ، دیوی دیوتا بہن-بھائیوں کے شری جگنّاتھ مندر سے شری گُنڈیچا مندر تک پوِتر سفر کی علامت ہے۔ ملک اور بیرونِ ملک سے لاکھوں عقیدتمند پوِتر رتھ یاترا میں شرکت کرنے کیلئے Puri پہنچے ہیں۔×

UP World Youth Skill Day

اترپردیش کی راجدھانی لکھنؤ میں، عظیم الشان ریاستی سطح کے پروگرام میں نوجوانوں کی ہُنرمندی کا عالمی دن منایا جائے گا۔ اس تقریب میں وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ مختلف اقدامات کا آغاز کریں گے، جن کا مقصد ریاست میں ہُنرمندی، روزگار اور اینٹر پرینیورشپ کو مستحکم کرنا ہے۔

وزیر اعلیٰ ہُنرمندی کی ترقی سے متعلق نمائش کا بھی افتتاح کریں گے، جہاں اختراعی ٹکنالوجیز، ہُنرمندی پر مبنی مصنوعات اور صنعتی تربیتی اداروں، ITIs ، تربیتی اداروں اور زیر تربیت افراد کے ذریعے تیار کردہ پروجیکٹس کا مظاہرہ کیا جائے گا۔ اس موقعے پر صنعت-اکیڈمیاں اشتراک کو تقویت دینے کے مقصد سے سرکردہ صنعتوں کے ساتھ کئی مفاہمت ناموں کے تبادلے کی امید ہے۔ ×

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Morn.MOSPI-ISP

حکومت نے 19 ذیلی شعبوں کیلئے، ملک کا، خدمات کی پیداوار کا پہلا آزمائشی انڈیکس ISP جاری کیا ہے، جس میں پہلی بار ایسا ہے کہ باقاعدہ خدمات کے شعبے میں مختصر مدت کی سرگرمی کا ماہانہ پیمانہ فراہم کیا گیا ہے۔ اِس پہلے انڈیکس میں 2024-25 کو بنیادی سال مانتے ہوئے، اپریل 2026 کو بھی شمار کیا گیا ہے اور بھارت کے، خدمات کے شعبے کے تقریباً 60 فیصد حصے کو شامل کیا گیا ہے۔

اعداد و شمار اور پروگرام پر عمل درآمد کی وزارت نے ذیلی شعبوں کے ISP کو، بھارت کے خدمات کے شعبے کے پیمانے میں بہتری لانے اور ملک کے اعداد وشمار کے نظام کو مستحکم بنانے کی راہ میں ایک بڑا سنگِ میل قرار دیا۔

وزارت نے بتایا کہ خدمات کی پیداوار کے جامع، مجموعی انڈیکس کا استعمال، آزمائشی سلسلے کے استحکام اور اِس کی توسیع کا جائزہ لینے کے بعد شروع کیا جائے گا۔x

US Iran War

امریکہ نے آبنائے ہرمز سے گزرنے والے کمرشل جہازوں پر، ایران کے حالیہ حملوں کے جواب میں، ایرانی بندرگاہوں کی ایک بار پھر ناکہ بندی کردی ہے۔

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایک ٹی وی نیوز چینل کو انٹرویو دیتے ہوئے کہا کہ اگر لوگ، آبنائے ہرمز سے گزرنا چاہتے ہیں تو وہ کھلی ہے، البتہ یہ ایران کے لئے نہیں کھلی ہے۔

جناب ٹرمپ نے ایران کو، یہ کہتے ہوئے خبردار کیا کہ امریکہ آج رات ایران پر سخت حملہ کرے گا اور اِن حملوں کی شدت ہر رات کے بعد بڑھتی جائے گی۔ انھوں نے کہا کہ امریکہ، ایران کے سبھی بجلی پلانٹس، اور پُلوں کو تباہ کرتا رہے گا، جب تک کہ ایران، مذاکرات کے لئے تیار نہ ہوجائے۔

جناب ٹرمپ نے الزام لگایا کہ ہر بار ایران کی طرف سے جنگ بندی کا سلسلہ توڑا جاتا ہے۔ انھوں نے ایرانی قیادت کو پیغام دیا ہے کہ بہتر ہے کہ وہ ایک معاہدہ کرلے ورنہ وہاں کوئی زندہ نہیں بچے گا۔

اسی دوران ایران کے پاسدارانِ انقلاب نے بحرین میں بڑے پیمانے پر ہتھیاروں اور کل پرزوں کے ذخیرے پر حملے کیے ہیں۔ پاسدارانِ انقلاب نے یہ دعویٰ بھی کیا ہے کہ اُس نے Ramp پر، جہاں کویت میں علی سلیم ٹھکانے پر MQ9 ڈرونز تعینات تھے، حملہ کرکے بہت سے Drones کو تباہ کیا ہے اور نقصان پہنچایا ہے۔x

India Hormuz

بھارت نے کہا ہے کہ امریکہ اور ایران کے درمیان تازہ کشیدگی اور تجارتی بحری جہازوں پر حملوں کے بعد وہ مغربی ایشیاء کے حالات و واقعات پر قریبی نگاہ رکھے ہوئے ہے۔ نئی دلّی میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے وزارتِ خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے محفوظ اور بلا رکاوٹ جہازرانی اور آبنائے ہُرمز سے تجارت جاری رکھنے کی بھارت کی اپیل کو دوہرایا۔

S/B - Randhir On West Asia

Sonowal Review Meeting

آبنائے ہُرمز میں دو مرچنٹ جہازوں پر حملوں اور مغربی ایشیاء میں بحری سلامتی سے متعلق بڑھتی تشویش کے دوران بندرگاہوں، جہازرانی اور آبی گزرگاہوں کے مرکزی وزیر سربانند سونووال نے تنازعے سے متاثرہ خطّے میں کام کرنے والے بھارتی جہازرانوں کی حفاظت کیلئے جامع Seafarer-First پہل کا آغاز کیا ہے۔ وزیر موصوف نے بھارتی جہازرانوں کی حفاظت اور بہبود کو یقینی بنانے کیلئے حکومت کے مکمل ردّ عمل کی ہدایت دی ہے۔

ایک رپورٹ

V/C - Saklen Akhtar

نئی دلّی میں، اعلیٰ سطحی بین وزارتی جائزہ میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے جناب سونووال نے ہر ایک بحری جہاز کی حقیقی وقت میں نگرانی کرنے اور خطّے میں متاثرہ ہر بھارتی جہازراں کیلئے مخصوص Liaison افسران مقرر کرنے کی ہدایت دی۔ وزیر موصوف نے بندرگاہوں، جہازرانی اور آبی گزرگاہوں کی وزارت اور وزارتِ خارجہ، پیٹرولیم اور قدرتی گیس، کیمیا اور کھاد کی وزارت، بھارتی بحریہ، جہاز رانی کے ڈائرکٹوریٹ جنرل اور ایران اور عمان میں واقع بھارتی مشنوں کے درمیان 24 گھنٹے تال میل قائم کرنے کی بھی ہدایت دی۔

نئی دلّی سے ثقلین اختر کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں............

## POJK Student Protest

پاکستان کے مقبوضہ جموں و کشمیر علاقے میں سینکڑوں اسکولی بچوں نے، باوردی ہوکر اپنے اساتذہ اور والدین کا ساتھ دیا۔ اِن لوگوں نے راول کوٹ کے عیدگاہ میدان میں جمع ہوکر اس مقبوضہ علاقے میں پاکستانی فوج کی ظالمانہ فوجی کارروائی کی مذمت کی۔ اسکول جانے والے طلبا، پیر کو بڑے پیمانے پر جمع ہوئے۔ یہ لوگ امن کی نشانی کے طور پر سفید جھنڈے لہرا رہے تھے اور اِن کے ہاتھوں میں بینرس تھے، جن پر لکھا تھا "بین الاقوامی میڈیا ہمیں بھی شامل کرو۔" یہ لوگ پاکستانی فوج کے خلاف نعرے بلند کر رہے تھے۔

پاکستان کے زیرِ قبضہ پورے علاقے میں یہ مظاہرے، خطے میں پاکستان کے دیرینہ قبضے کے لئے ایک براہِ راست چیلنج بن گئے ہیں، کیونکہ پاکستانی فوجوں نے وحشیانہ کارروائی شروع کردی ہے، جن میں دسیوں شہری ہلاک اور زخمی ہوئے ہیں۔ اِس کے ساتھ ساتھ خطے میں سخت ناکہ بندی اور کرفیو نافذ ہے نیز مواصلات کا سلسلہ پوری طرح منقطع ہوگیاہے۔

اسی دوران یونائیٹڈ کشمیر پیپلز نیشنل پارٹی UKPNP نے ایک کانفرنس کا انعقاد کیا جس میں، پاکستان کے زیرِ قبضہ کشمیر کے پورے علاقے کے رہنما، صحافی اور سول سوسائٹی کے افراد نے شرکت کی۔ نیز اس میں بیرونِ ملک آباد لوگوں نے بھی شرکت کی، جس کا مقصد انسانی حقوق کے بیجا استعمال، محاصرے کی کارروائی اور پاکستانی حکام کی طرف سے پُرامن شہریوں پر کارروائی کے موضوعات پر بات چیت کرنا تھا۔x

## Jaishankar Brussels

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے یوروپی یونین کے خارجی امور اور سلامتی پالیسی کی اعلیٰ نمائندہ Kaja Kallas سے برسلز میں ملاقات کی۔ سوشل میڈیا پوسٹ میں ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ انہوں نے مغربی ایشیاء کے بارے میں کارآمد تبادلۂ خیال کیا ہے اور امن و استحکام کو یقینی بنانے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ دونوں رہنماؤں نے محفوظ اور بلا رکاوٹ بحری تجارت کی اہمیت پر بھی اپنے خیالات کا تبادلہ کیا۔ ایک دیگر پوسٹ میں محترمہ Kallas نے کہا کہ یہ بھارت-یوروپی یونین تعلقات کیلئے تاریخی سال ہے، جہاں دونوں فریقوں کے درمیان تجارت، ٹکنالوجی، سلامتی اور دفاع کے شعبوں میں تعاون میں اضافہ ہو رہا ہے۔x

## Piyush Goyal Belgium

کامرس اور صنعتوں کے مرکزی وزیر پیوش گوئل، اسپین کا اپنا دورہ مکمل کرنے کے بعد کل رات بیلجیم کی راجدھانی برسلز پہنچے۔ مرکزی وزیر کے ہمراہ اعلیٰ سطحی بھارتی کاروباریوں کا وفد ہے، جو تجارت، سرمایہ کاری، ٹکنالوجی، اختراع اور پائیداری پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے یوروپ کے ساتھ بھارت کی معاشی ساجھیداری کو مستحکم کرے گا۔

جناب گوئل نے بیلجیم کے نائب وزیر اعظم اور روزگار، اقتصادیات اور زراعت کے وزیر David Clarinval سے ملاقات کی اور تجارت، سرمایہ کاری، ٹکنالوجی، لاجسٹکس اور افرادی قوت کی موبیلیٹی جیسے شعبوں میں وسعت پا رہے بھارت-بیلجیم اشتراک پر بات چیت کی۔
دونوں رہنماؤں نے بھارت-یوروپی یونین آزادانہ تجارتی معاہدے کی یکسر تبدیلی لانے والی صلاحیت پر اپنے خیالات کا تبادلہ کیا اور کاروبار اور اپنے عوام کے باہمی فائدے کیلئے معاشی تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کے اپنے مشترکہ عزم کو دوہرایا۔×

Rijiju Qatar

اقلیتی امور کے مرکزی وزیر کرن رِجیجو نے قطر کے امیر شیخ تمیم بن حمد الثانی کے والد امیر شیخ حمد بن خلیفہ الثانی کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ سوشل میڈیا پوسٹ میں، قطر میں واقع بھارتی سفارتخانے نے کہا ہے کہ وزیر موصوف نے قطر کے امیر تک وزیر اعظم نریندر مودی کے جذبات پہنچائے ہیں۔ اس سے پہلے وزیر اعظم نے قطر کی ترقی اور بھارت-قطر اسٹریٹیجک شراکت داری کو مضبوط کرنے میں امیر کے والد کے دیرینہ ورثے اور اُن کے اہم رول کو یاد کیا تھا۔×

IMD Weather

بھارتی محکمۂ موسمیات نے، آج اُڈیشہ میں، انتہائی شدید بارش سے متعلق ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔ وہیں محکمۂ موسمیات نے بہار میں آج کیلئے، جبکہ شمال مشرقی بھارت، چھتیس گڑھ، جھارکھنڈ اور مغربی بنگال میں کل کیلئے شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ ×

Football FIFA World Cup

فٹبال میں، اسپین فیفا عالمی کپ 2026 کے فائنل میں پہنچ گیا ہے۔ کل رات امریکہ کے ٹیکساس کے Dallas اسٹیڈیم میں کھیلے گئے پہلے سیمی فائنل میں اسپین نے فرانس کو دو-صفر سے ہرا دیا۔ اسپین کی جانب سے Mikel Oyarzabal نے 22 ویں منٹ میں پہلا گول کیا۔ اس کے بعد Pedro Porro نے دوسرا گول کرتے ہوئے اسپین کی جیت یقینی بنا دی۔ اب اتوار کی رات نیو جرسی کے میٹ لائف اسٹیڈیم میں فائنل میں اسپین کا مقابلہ ارجنٹینا یا انگلینڈ سے ہوگا۔ اسپین نے 16 سال پہلے اپنا پہلا فٹبال عالمی کپ جیتا تھا۔
دوسرے سیمی فائنل مقابلے میں آج رات Atlanta اسٹیڈیم میں دفاعی چیمپئن ارجنٹینا کا مقابلہ انگلینڈ سے ہوگا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق جمعرات کی رات ساڑھے بارہ بجے شروع ہوگا۔×

Cricket IND Vs ENG

مردوں کے کرکٹ میں، کل رات برمنگھم کے Edgbaston میں کھیلے گئے تین-ایک روزہ بین الاقوامی میچوں کی سیریز کے پہلے میچ میں بھارت نے میزبان انگلینڈ کو 6 وکٹ سے ہرا دیا۔ اس جیت کے ساتھ ہی بھارت نے سیریز میں ایک-صفر کی سبقت حاصل کر لی ہے اور بین الاقوامی کرکٹ میں اپنی شکست کے سلسلے کو توڑ دیا ہے۔ پہلے بلّے بازی کرتے ہوئے انگلینڈ کی پوری ٹیم نے 48 اوور میں 258 رن بنائے۔ اکشر پٹیل کو کھیل کے ہر شعبے میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر پلییر آف دی میچ قرار دیا گیا۔ دونوں ٹیمیں دوسرے ایک روزہ بین الاقوامی میچ میں کل Cardiff کے Sophia گارڈنز میں ایک بار پھر ایک دوسرے کے مدِمقابل ہوں گی۔ سیریز کا تیسرا اور آخری میچ اتوار کے روز لندن کے لارڈز کرکٹ گراؤنڈ میں کھیلا جائے گا۔×

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......فیصل خان
شکریہ -اسلم بیگ

راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے تقریباً سبھی اردو اخبارات نے وزارتِ خارجہ کے بیان کو اولیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔

روزنامہ پرتاپ نے سرخی لگائی ہے: ہُرمز میں بھارتی شہری کی ہلاکت پر بھارت خفا، وزارت خارجہ نے ایرانی مشن کے ڈپٹی چیف آف مشن اور دیگر سفارتکاروں کو طلب کیا، سمندر میں جہازوں کی حفاظت کو یقینی بنانے کی دی صلاح۔

روزنامہ انقلاب نے اپنے صفحہ اوّل پر ایک ہم خبر شائع کرتے ہوئے سرخی لگائی ہے: بھارت نے سلامتی کونسل کے غیر مستقل رکن کی امیدواری پیش کی۔ وزیر خارجہ ڈاکٹر جے شنکر نے اقوام متحدہ کے ہیڈکوارٹر میں بھارت کی دعویداری کو مضبوط طریقے سے پیش کیا۔

روزنامہ پرتاپ نے ایک اہم خبر کو نمایاں طور پر شائع کیا ہے: ریلوے کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے مال برداری کے نظام کو بہتر بنانے کیلئے 8 نئی اصلاحات کا اعلان کیا۔

اسی اخبار نے مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ کے بیان کو سرخی بنایا ہے۔ NESAC خلائی ٹکنالوجی کو عوام کی زندگی سے جوڑنے کا اہم ذریعہ بن چکا ہے۔

اخبارات کی کچھ اہم بین الاقوامی خبریں اس طرح ہیں:

☆ آبنائے ہُرمز، جنگ یا امریکی دباوٴ سے نہیں کھلے گی: ایران کا بیان
☆ آبنائے ہُرمز سے آمدورفت پر کوئی فیس یا ٹول قبول نہیں: یوروپی یونین کا بیان
☆ امریکہ اور ایران کے ایک دوسرے کے اہداف پر حملے جاری
☆ سعودی عرب کے اَبہا ایئر پورٹ پر میزائل اور ڈرون سے حملہ
☆ امریکہ ایران کشیدگی سے خلیجی مارکٹوں میں گراوٹ۔

آخر میں خاص خبریں ایک بار پھر

1- بھارت- برطانیہ جامع اقتصادی و تجارتی معاہدے پر عمل در آمد شروع ہوگیا ہے۔ اس کے تحت بھارتی برآمدات کی تقریباً 99 فیصد اشیا محصول سے آزاد رہیں گی۔

2- مرکز نے مغربی بنگال میں دیہی ترقی کیلئے 8 ہزار 500 کروڑ روپے کے پیکیج کا اعلان کیا ہے۔

3 - حکومت آج اہم اور دفاعی نوعیت کی معدنیات کے بلاکوں کی نیلامی کے آٹھویں مرحلے کا آغاز کرے گی۔

4- امریکہ نے آبنائے ہرمز میں کمرشل جہازوں پر ایرانی حملوں کے جواب میں ایرانی بندرگاہوں کی ایک بار پھر ناکہ بندی کردی ہے۔

5- فٹبال میں، اسپین فیفا عالمی کپ کے فائنل میں داخل ہوگیاہے ۔ اس نے فرانس پر دو-صفر سے جیت حاصل کی۔ دوسرے سیمی فائنل میں آج رات ارجنٹینا کا مقابلہ انگلینڈ سے ہوگا۔

6- اور کرکٹ میں Egbaston میں تین میچوں کی سیریز کے پہلے ODI میں بھارت نے انگلینڈ کو چھ وکٹ سے ہرا دیا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

----------------------------------------